# سجدۂ سہو کے دوسرے احکام

<"xml encoding="UTF-8?>

## سجدۂ سہو کے دوسرے احکام

مسئلہ 1526: اگر نماز گزار شک رکھتا ہو ایسا کام جس سے سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے انجام دیا ہے یا نہیں کہ جس کے سبب اُسے شک ہے کہ اس پر سجدۂ سہو واجب ہوا ہے یا نہیں تو اسے بجالانا لازم نہیں ہے۔

مسئلہ 1527: اگر جانتا ہو کہ سجدۂ سہو اس پر واجب ہے لیکن شک کرے کہ انجام دیا ہے یا نہیں تو اگر اپنے عمل کے محل میں ہے اور نماز کے بعد فوراً انجام دینے کا زمانہ گزرا نہ ہو لازم ہے کہ اسے بجالائے بلکہ اگر فاصلہ ہو گیا ہو اور فوراً انجام دینے کا زمانہ بھی گزر گیا ہوتو پھر بھی احتیاط واجب یہ ہے کہ اسے انجام دے گرچہ اس کا شک وقت گزرنے کے بعد ہو۔

مسئلہ 1528: جو شخص جانتا ہو اس پر سجدۂ سہو واجب ہے لیکن شک رکھتا ہو کہ کتنی دفعہ واجب ہوا ہے تو کم ازکم مقدار کا بجالانا کافی ہے۔

مسئلہ 1529: اگر نمازگزار نماز کے سلام کے بعد فوراً سجدۂ سہو نہ بجا لائے تو گناہ کیا ہے اور احتیاط لازم کی بنا پر جتنی جلدی ہو سکے بجالائے ، چنانچہ بھول کر نہ بجا لائے تو جس وقت بھی یاد آئے فوراً انجام دے اور دونوں صورت میں نماز کا دوبارہ پڑھنا لازم نہیں ہے۔